## سوال

(536) فلمی سی ڈی وغیرہ کا کاروبار

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ٹی وی ۔ وی سی آر اور فلموں کا کاروبار درست ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ٹی وی ، وسی سی آر اور فلموں کا کاروبار شرعاً درست نہیں کیونکہ ان میں جاندار چیزوں کی تصویر بنتی ہے اور تصویر کے متعلق رسول اللہﷺ کی احادیث بالکل واضح ہیں کہ تصویروں والے روز قیامت عذاب دیئے جائیں گے رہا یہ سوال کہ جاندار چیزوں کی تصویر کے بغیر ہو تو پھر ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ واقع میں یہ تصور ہے ہی نہیں ۔ لہٰذا یہ ''دھوکہ کی مشنری اور حسرت انگیز'' چیزیں ناجائز ہیں ان کا کاروبار ناجائز ہے اور ان کی مرمت بھی ناجائز ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل

## خرید و فروخت کے مسائل ج1ص 377